اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

سبق نمبر (۱۷) : مَدات

- مَد کے معنٰی دراز کرنا اور کھینچنا ہے۔ مَد کے دو سبب ہیں (۱) ہمزہ ء (۲) سکون ـْ
- مَد کی چھ اقسام ہیں۔ (۱) مَدّ متصل (۲) مَدّ منفصل (۳) مَدّ لازم (۴) مَدّ لین لازم (۵) مَدّ عارض (۶) مَدّ لین عارض
- (۱) **مَدِّ مُتَّصِل:** حروفِ مَدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمے میں ہو تو مَد متصل ہوگا۔ جیسے جَآءَ
- (۲) **مَدِّ مُنْفَصِل:** حروفِ مَدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمے میں ہو تو مَد منفصل ہوگا۔ جیسے فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ
- مَد متصل اور مَد منفصل کو دو ، ڈھائی یا چار الف تک کھینچ کر پڑھیں۔
- (۳) **مَدِّ لازِم:** حروفِ مَدہ کے بعد سکون اصلی (ـْ ، ـّ) ہو تو مَد لازم ہوگا۔ جیسے جَآنٌّ
- (۴) **مَدِّ لین لازِم:** حروفِ لین کے بعد سکون اصلی (ـْ) ہو تو مَد لین لازم ہوگا۔ جیسے عَيْنٌ
- مَد لازم اور مَد لین لازم کو تین ، چار یا پانچ الف تک کھینچ کر پڑھیں۔
- (۵) **مَدِّ عارِض:** حروفِ مَدہ کے بعد عارضی سکون ہو (یعنی وقف کی وجہ سے کوئی حرف ساکن ہو جائے) تو مَد عارض ہوگا۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ ۝
- (۶) **مَدِّ لِین عارِض:** حروفِ لین کے بعد عارضی سکون ہو (یعنی وقف کی وجہ سے کوئی حرف ساکن ہو جائے) تو مَد لین عارض ہوگا۔ جیسے شَفَتَيْنْ ۝
- مَد عارض اور مَد لین عارض کو تین الف تک کھینچ کر پڑھیں۔
- مدات کے ہجے اس طرح کریں جیسے جَآءَ = جیم زبر جَ ، ہمزہ زبر ءَ = جَآءَ
  ضَآلًّا = ضَادْ اَلِف لَامْ زبر ضَآلّ ، لَامْ دو زبر لًّا = ضَآلًّا

جَآءَ	جَآئِ	وَاِلٰٓى	سَيِّئَتْ	اُولٰٓئِكَ	حَدَآئِقَ
قُرُوْٓءٍ	اَوْلِيَآءَ	بِمَآ اُنْزِلَ	قَالُوْٓا اٰمَنَّا	يٰٓاَرْضُ	هٰٓؤُلَآءِ